Principles of Accounting (Urdu Medium) - ICom Part 2 Principles of Accounting Urdu Medium Chapter 8 Short Questions Test

Q1. ترجیحی حصص کیا ہوتے ہیں.

Ans 1: اس میں جن کے خریداروں کو کمپنی کا منافع تقسیم کرتے وقت ترجیحی دی جاتی ہے اگر کمپنی کو منافع ہو تو سب سے پہلے ان کو ایک مقررہ شرح سے منافع دیا جاتا ہے اگر کمپنی کا خاتمہ ہوجائے تو اس قسم کے حصہ داروں کو سب سے پہلے ان کا سرمایہ واپس کیا جاتا ہے.

Q2. کاروبار شروع کرنے کا سرٹیفیکیٹ کیا ہوتاہے.

Ans 1: پبلک لیمیٹیڈ کمپنی کا کارعبار شروع کرنے کا سرٹیفیکیت حاصل کرنے کےلیے دستاویزات کم از کم سرمایہ کی شرط ڈائریکٹران کے لے کم ازکم خردنے کی شرط اور دیگر قانونوی ضابطے اگر پورے کرلیے ہیں تو ان کی جانچ پڑتال کرنے بعد رجسٹرار کی طرف سے کاروبار شروع کرنے کا سرٹیفیکیٹ جاری کیا جاتا ہے.

Q3. طلب شدہ سرمایہ کیا ہوتاہے.

Ans 1: حصہ داران سے ان کے خرید کردہ حصص پر جتنی رقم کمپنی کی طرف سے طلب کرلی گئی ہو اسے طلب شدہ سرمایہ کہا جاتا ہے.

Q4. قابل واپسی تمسکات کون سے ہوتے ہیں.

Ans 1: یہ تمسکات مقررہ مدت کے بعد واپسی ہوتے ہیں.

Q5. مشترکہ سامایہ کمپنی کی تعریف کریں.

Ans 1: مشترکہ سرمایہ کمپنی بیت سے اشخاص کی ایک ایسی ایسوسی ایشن ہے. جن میں تمام اشخاص نفع کمانے کی غرض سے اکٹھے ہوتے ہین اور اپنی اپنی رقم اس میں بصور حصس لگادیتے ہیں. اور یہ حصے خریدے ، فروخت کیے یا منتقل کیے جاسکتے ہیں.

Q6. سرٹیفیکیٹ اف کارپوریشن سے کیا مراد ہے.

Ans 1: اگر کمپنی کی رجسٹریشن سے متعلق تمام متعلقہ کاغزات اور دیگر تمام دستاویزات مکمل درست ہوں تو رجسٹرار کمپنی کی رجسٹریشن سرٹیفیکیٹ جاری کردیتا ہے جسے ان کارپورایشن کا سرٹیفیکٹ کہتے ہیں.

Q7. جاری کردہ سرمایہ سے کیا مرا دہے.

Ans 1: جاری کردہ سرمایہ کا وہ حصہ ہے جو پبلک نے خرید لیا ہو.

Q8. رجسٹرڈ شدہ تمسکات سے کیا مرادہے.

Ans 1: ایسے تمسکات کے خریداروں کے نام اور دیگر تفصیلات کمپنی کی کتابوں میں درج ہوتی ہیں رجسٹرد شدہ تمسکات کہلاتے ہیں. ایسے تمسکات واپس نہیں کیے

جاسکتے ان کی ادائیگی انہیں افراد کو ہوتی ہے جن کے نام کمپنی کی کتابوں میں درج ہوتے ہیں.

Q9. پبلک لیمیٹیڈ کمپنی اور پرائیویٹ لیمیٹیڈ کمپنی کےآپس میں فرق کے دو نقاط بیان کریں.

Ans 1: 1- پبلک لیمیٹید کمپنی حصہ داران کی کم از مم تعاد سات اور زیادہ سے زیادہ پر کوئی پابندی نہیں. جبکہ پرائیوٹ کمپنی کو قائم کرنے کے لیے کم ازکم اور زیادہ سے زیادہ پچاس حصہ دار ہوتے ہیں.

Ans 2: 2- پبلک لیمیٹیڈ کمپنی کی رجسٹریشن ہوجانے کے فوری بعد اپنا کارعبار شروع نہین کرسکتی جب تک رجسٹرار سے کاروبار شروع کرنے کا سرٹیفییکٹ حاصل نہیں کرلیتی.

Q10. پبلک لمیٹیڈ کمپنی سے کیا مراد ہے.

Ans 1: ایسی کمپنیاں جن کو قائم کرنے کے لیے کم از کم سات افراد کی موجودگی ضروری ہے اور جہاں تک زیادہ سے زیادہ افراد کی تعاد کا تعلق ہے اس میں کوئی پنندی نہیں. ایسی کمپنی کے حصہ داران عوام ہوتے ہیں. اورا س کے حصص کی خریداری کے لیے عوام کو بذریعہ پراسپکٹس دعوت دی جاتی ہے.
